

# خود مختاری نسواں
# بذریعہ جمہوری مواقع


تربیتی کتابچہ


شرکاء کے لئے





Foundation For the Future

**Women Empowerment through Democratic Opportunities**

TARAQEE FOUNDATION

# فہرست


| | |
|---|---|
| تعارف | 1 |
| نظام حکومت | 2 |
| جمہوری ادارے | 3 |
| ترقی اور عورت | 4 |
| سیاست، جمہوریت اور عورت | 5 |
| انتخابات اور جمہوریت | 6 |
| انتخابی عمل | 7 |
| انتخابی عمل - انتخابات سے پہلے | 8 |
| انتخابی عمل - انتخابات کے دوران | 9 |
| انتخابات کے بعد | 10 |
| آزادانہ منصفانہ انتخابات | 11 |
| ووٹ | 12 |
| ووٹر لسٹ | 13 |
| ووٹر لسٹ میں اندراج کا طریقہ | 14 |
| ووٹر کے حقوق اور ذمہ داریاں | 15 |
| انتخابی مہم | 16 |
| پولنگ اسٹیشن | 17 |
| انتخابی عملہ | 18 |
| ووٹ ڈالنے کا عمل | 19 |
| خواتین امیدواروں کو ووٹ دینا کیوں ضروری ہے؟ | 20 |

# تعارف




نام

مشغلہ

تجربہ

پتہ


غیر جمہوریت
جمہوریت

# جمہوری ادارے

سیاسی جماعتیں



مقامی حکومتوں کی منتخب کونسلیں

صوبائی اسمبلیاں



قومی اسمبلی

سینیٹ

## عورتیں ملک کی آبادی کے نصف سے زائد ہیں

51 فیصد



49 فیصد



؟

## کیا آدھے سے زیادہ آبادی کی ترقی کے بغیر ملک کی ترقی ممکن ہے


# اچھی سیاست کے بغیر جمہوریت ممکن نہیں

سیاست میں سب کی شمولیت جمہوری عمل کے لئے ضروری ہے



## عورتوں کی مکمل اور بھرپور شرکت سے ہی جمہوری سیاسی عمل آگے بڑھ سکتا ہے

انتخابات (الیکشن) کے ذریعہ عوام اپنے نمائندوں کو منتخب کر کے ایوانوں میں بھیجتے ہیں تا کہ وہ نمائندے عوامی حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لئے قانون سازی اور ترقی کے لئے پالیسی سازی کریں اور ان کے مسائل حل کریں




## آزادانہ، مصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات جمہوریت کی روح ہیں

## انتخابات سے پہلے

## انتخابات کے دوران

# انتخابات سے پہلے



منصوبہ بندی



تربیت





معلومات کی فراہمی اور

ووٹر لسٹ میں اندراج

# انتخابات کے دوران



امیدوار کی نامزدگی
اور
انتخابی مہم



ووٹ ڈالنا



نتائج کا اعلان

# انتخابات کے بعد


ہینڈآؤٹ 10



منتخب نمائندوں کی
ایوان میں حلف برداری



ایوان میں قانون سازی و پالیسی سازی




عوامی مفادات وحقوق کے لئے جدوجہد



احتساب اور محاسبہ

# آزادانہ و منصفانہ انتخابات

آزادانہ اور منصفانہ انتخابات وہ ہوتے ہیں جن میں:

- خواتین اور اقلیتوں کو راہنمائی اور شمولیت کے برابر مواقع میسر ہوں
- سیاسی حقوق کا مکمل احترام کیا جائے
- آزادی رائے دہی ہو
- کسی قسم کے اثر ورسوخ اور طاقت کا مظاہرہ اور استعمال نہ ہو
- ووٹ ڈالنے، گنتی اور نتائج کے اعلان کے دوران مکمل شفافیت ہو
- ذرائع ابلاغ یعنی میڈیا کو انتخابی عمل کی نشر و اشاعت کی بھرپور آزادی ہو
- انتخابی عمل مکمل طور پر غیر جانبدارانہ ہو
- ریاستی ادارے مکمل طور پر غیر جانبدار اور شفاف رہیں
- غیر جانبدار مبصرین اور تجزیہ نگاروں کو انتخابی عمل کے دوران مکمل دسترس حاصل ہو
- تمام سیاسی اور غیر سیاسی امیدواران انتخابی ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کریں

## انتخابات میں کون حصہ لے سکتا / سکتی ہے؟


انتخابی قانون 1976ء کی ذیلی شق 99 کے تحت ہر عورت اور مرد انتخابات میں حصہ لے سکتا ہے جو:


- پاکستان کا / کی شہری ہو
- اس کی عمر کم از کم 21 سال ہو
- اگر صوبائی اسمبلی کے انتخاب کے لئے اس صوبہ میں بطور ووٹر اس کا اندراج ہو
- متقی، راست باز، ایماندار اور امانتدار ہو، اور فضول خرچ نہ ہو۔

# ووٹ

ووٹ حق رائے دہی کا ایک ذریعہ ہے جس کے ذریعے رائے دہندہ اپنے عوامی نمائندے کا انتخاب کرتا ہے۔

## ووٹ ہر شہری (عورت و مرد) کا جمہوری حق ہے






## پاکستان میں ووٹ ڈالنے کے لئے عمر کم از کم 18 سال ہے۔

### ووٹ کی اہمیت

ووٹ نہایت اہمیت کا حامل ہے اور جمہوری نظام میں رائے دہی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ دنیا بھر میں عوامی نمائندوں کا انتخاب ووٹ سے ہی کیا جاتا ہے۔ ووٹ کا عمل جتنا شفاف، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہوگا عوامی نمائندے اپنے ووٹر کے سامنے اتنے ہی جوابدہ ہوں گے۔

# وہ فہرست جس میں ووٹ کے اہل شہریوں کا حلقہ وار اندراج ہو




ووٹرلسٹ میں اندراج کے لئے

# ووٹر لسٹ میں اندراج کا طریقہ




1 ووٹر رجسٹریشن فارم پر کر کے دستخط کریں یا انگوٹھا لگائیں۔



2 تمام درکار دستاویزات منسلک کریں۔
(کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، بجلی / گیس / پانی کے بل کی کاپی بطور رہائش کا ثبوت)




3 اپنے علاقہ کے مقامی الیکشن کمیشن کے دفتر جائیں۔

4 اپنا مکمل شدہ فارم الیکشن کمیشن میں رجسٹریشن آفیسر کے پاس جمع کروائیں۔

5 رجسٹریشن آفیسر کی بتائی ہوئی مدت کے بعد دوبارہ جا کر یہ یقین دہانی کروالیں کہ ووٹر لسٹ میں اندراج کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ فارم پر کسی اعتراض کی صورت میں رجسٹریشن آفیسر کی بتائی ہوئی ہدایات کے مطابق اعتراض دور کریں۔

6 ووٹر لسٹیں آویزاں ہو جانے کے بعد متعلقہ حلقے کی لسٹ میں اپنا نام چیک کرلیں۔

**یاد رکھیں** { کوئی شخص صرف ایک ہی جگہ بطور ووٹر رجسٹر ہو سکتا ہے
ایک سے زیادہ حلقوں میں بطور ووٹر اندراج غیر قانونی ہے

# ووٹر کے حقوق اور ذمہ داریاں

## ووٹر کے حقوق

- معلومات کے آزادانہ حصول کا حق
- امیدوار کو جوابدہ ٹھہرانے کا حق
- اپنی مرضی سے جسے چاہے ووٹ ڈالنے کا حق
- امیدوار سے اس کی یا اس کی پارٹی کی کارکردگی کے بارے میں سوال کرنے کا حق
- امیدوار سے خواتین، اقلیتوں اور بچوں کے لئے کئے گئے انفرادی اور پارٹی کی طرف سے کئے گئے کام اور ان کے لئے آئندہ پروگرام کے بارے میں پوچھنے کا حق
- اجتماعی مسائل، ضروریات اور مفادات سے متعلق اپنے مطالبات امیدواران کے سامنے رکھنے کا حق

## ووٹر کی ذمہ داریاں

- یہ یقین دہانی کروائیں کہ آپ کا نام ووٹر لسٹ میں درج ہے
- ووٹر لسٹ میں اپنا سیریل نمبر اور اپنے قریبی پولنگ سٹیشن کا نمبر پہلے سے ہی حاصل کر لیں۔ اگر آپ کو ان کے حصول میں دشواری ہو تو کسی بھی سیاسی جماعت کے یا اپنے امیدوار کے انتخابی دفتر سے رابطہ کریں
- انتخابات کے دنوں میں اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کسی کو نہ دیں اور نہ ہی ووٹ والے دن، تا کہ کوئی آپ کا شناختی کارڈ استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر ووٹ نہ ڈال دے، یا آپ کو ووٹ ڈالنے سے منع نہ کر دے
- اگر کوئی آپ کو کسی بھی قسم کی مراعات اور رقم کے ذریعہ آپ کی مرضی کے خلاف ووٹ ڈالنے کی ترغیب دے، تو سختی سے انکار کر دیں کیوں کہ یہ غیر قانونی ہے، کوشش کریں کہ کسی امیدوار کی طرف سے پولنگ سٹیشن تک لے جانے کے لئے سواری کی پیشکش رد کر دیں
- اگر آپ کو پولنگ کے دوران کسی قسم کی غیر قانونی حرکت، پولنگ اسٹیشن پر قبضہ، اسلحہ کی نمائش، جعلی ووٹ ڈالنا، ووٹروں پر کسی بھی قسم کا دباؤ وغیرہ کا مشاہدہ ہو، تو نگرانی کے لئے آنے افسران، غیر جانبدار مبصرین اور تجزیہ نگاروں کو اس کی اطلاع ضرور دیں



گھر گھر جانے کی مہم



انتخابی جلسے



میڈیا پر انٹرویو اور تبصرے

# پولنگ اسٹیشن


وہ جگہ جہاں ووٹ ڈالنے کا انتظام کیا گیا ہو، پولنگ اسٹیشن کہلاتی ہے




پولنگ اسٹیشن کی حدود میں کن چیزوں کی ممانعت ہے



# انتخابی عملہ



پریزائڈنگ آفیسر

اسسٹنٹ پریزائڈنگ آفیسر

پولنگ آفیسر

ہر امیدوار کا/ کی ایک نمائندہ

سکیورٹی کا عملہ

# ووٹ ڈالنے کا عمل



اپنا سیریل نمبر حاصل کریں۔

قطار میں اپنی باری کا انتظار کریں۔

پولنگ آفیسر کے پاس جائیں اور ووٹرلسٹ
میں اپنے نام اور اپنی شناخت کروائیں۔



اب اسسٹنٹ پریزائڈنگ آفیسر کے پاس جائیں
وہ آپ کو بیلیٹ پیپر اور مہر پر سیاہی لگا کر دیں گی۔



اب آپ پردہ خانہ میں جائیں اور
اپنے پسند کے نمائندہ کے خانے میں مہر لگائیں۔



بیلیٹ پیپر کو تہہ کر کے بیلیٹ بکس میں ڈال دیں



مہر لگاتے وقت
خیال رکھیں



# خواتین نمائندوں کو ووٹ دینا کیوں ضروری ہے؟



خواتین ہماری آبادی کا نصف سے زیادہ ہیں۔ اور ترقی کا عمل اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک خواتین کو آبادی کے متناسب تمام شعبہ ہائے زندگی میں نمائندگی نہیں ملتی۔ سیاست میں خواتین کی نمائندگی کو انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جب تک خواتین سیاست میں بھرپور حصہ نہیں لیتیں اس وقت تک خواتین کے نہایت ہی اہم مسائل جیسے صنفی تفریق، عورتوں اور بچوں پر تشدد، اور عورتوں کی کم حیثیت کے حل کے لئے درکار قانون سازی اور پالیسی سازی نہیں ہو سکے گی۔ نہ صرف یہ بلکہ خواتین کے لئے مناسب صحت اور تعلیم کی سہولتیں بھی میسر نہیں آسکیں گی۔

خواتین نمائندوں کے حوصلہ افزائی انتہائی اہم اور ضروری ہے کیوں کہ بہت سارے مسائل صرف خواتین ہی سمجھ سکتی ہیں اور وہ خود ہی ان کے حل کے لئے متحرک ہو سکتی ہیں۔ لہذا یہ بہت ضروری ہے کہ جہاں خواتین امیدوار میدان میں آئیں ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔

TARAQEE FOUNDATION

# ترقی فاؤنڈیشن


ہاؤس A-74 چمن ہاؤسنگ سکیم، ائیرپورٹ روڈ کوئٹہ

فون: 59-2864156 (81-92)

فیکس: 2864161 (81-92)

ای میل: taraqee@taraqee.org

ویب سائٹ: www.taraqee.org



Printed by:
AHMED PRINTING PRESS
Haji Fateh Khan Road, Quetta. Ph: 2668908